http://www.khabrain.com E mail: daily.khabrain@gmail...
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ بہاولپور ملتان کراچی نیو یارک سکھر لاہور اسلام آباد پشاور مظفر آباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونے والا قومی اخبار
بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم
روزنامہ خبریں بہاولپور
Daily KHABRAIN
چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد
جلد 1 | جمعۃ المبارک 25 شوال 1443ھ 27 مئی 2022ء 13 جیٹھ 2079 ب صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ 384

لیاقت پور، ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب کی کھلی کچہری، عوام پھٹ پڑے، شکایات کے انبار

ڈاکٹر محمد زاہد ملک نے 46 شکایات کو سنا، میپکو کے صارفین کو ساڑھے 6 لاکھ روپے کا ریلیف مہیا کیا

بہاولپور (نمائندہ نوائے وقت) ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بہاولپور کی لیاقت پور میں کھلی کچہری، عوام نے وفاقی محکموں کیخلاف شکایات کے انبار لگا دیئے۔ تفصیلات کے مطابق صفحہ 4 پر بقیہ نمبر 72

بہاولپور: ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بہاولپور ڈاکٹر محمد زاہد ملک لیاقت پور میں منعقدہ کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن کر احکامات جاری کر رہے ہیں

بقیہ 72 | کھلی کچہری

ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب بہاولپور ڈاکٹر محمد زاہد ملک نے لیاقت پور کا دورہ کیا اور لوگوں کی وفاقی محکموں کیخلاف شکایات کو متعلقہ محکموں کے افسران کی موجودگی میں سنا اور موقعہ پر ہی احکامات صادر کیے۔ انہوں نے میپکو، ای او بی آئی، زرعی ترقیاتی بینک، پی ایل آئی، پاکستان بیت المال، سوئی گیس، نادرا کیخلاف 46 شکایات کو سنا اور میپکو کے صارفین کو مجموعی طور پر ساڑھے چھ لاکھ روپے کا ریلیف مہیا کیا۔ 25 سے زائد خراب بجلی کے میٹرز کی تبدیلی کے احکامات صادر کیے۔